نیوموکوکل



نیوموکوکل ویکسین کن لوگوں کو لگوانی چاہیے؟

- 65 سال یا اس سے زیادہ عمر کے سب لوگ۔
- 18 سے 64 سال عمر کے وہ لوگوں جنہیں کوئی شدید بیماری ہو۔

اگر آپ ٹھیک سے نہ جانتے ہوں کہ کیا آپ کو یہ ویکسین لگوانی چاہیے تو اپنے ڈاکٹر سے بات کریں۔ **اگر آپ اس سال 65 سال کے ہو رہے ہیں تو آپ کو یہ ویکسین رعایتی قیمت پر ملے گی۔**

نیوموکوکل ویکسین کیسے اثر کرتی ہے؟

- ویکسین جسم کو نیوموکوکل بیکٹیریا کے خلاف اپنا دفاع کرنا سکھاتی ہے۔
- ویکسین بازو میں انجیکشن کے ذریعے لگائی جاتی ہے۔ یہ کورونا ویکسین اور فلو ویکسین کے ساتھ ایک ہی وقت میں لگوائی جا سکتی ہے۔
- ویکسین کا اثر شروع ہونے میں 2-1 ہفتے لگتے ہیں۔

ویکسینیشن کے بعد کیا ہوتا ہے؟

- کئی لوگوں کو انجیکشن کی جگہ پر کچھ درد ہوتا ہے اور تھوڑی سی سرخی اور سوجن ہو سکتی ہے۔
- کچھ لوگوں کو بخار، پٹھوں میں درد، تھوڑی سی خرابئ طبیعت یا تھکاوٹ محسوس ہوتی ہے۔ یہ اثرات کچھ دنوں میں خود ہی دور ہو جاتے ہیں۔
- اگر آپ ویکسینیشن کے بعد ظاہر ہونے والی کسی علامت کے بارے میں ٹھیک محسوس نہ کریں تو ڈاکٹر سے رجوع کریں۔

یہاں مزید تفصیل پڑھیں
fhi.no/voksenvaksinasjon

FHI